المنار

بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

ارشاد نبوی صلعم

خدا کی نظر دلوں پر ہے

عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم ان اللہ لا ینظر الی صورکم واموالکم ولکن ینظر الی قلوبکم واعمالکم

[مسلم]

[ترجمہ] ابو ھریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ھیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم فرماتے تھے کہ اے مسلمانو! اللہ تعالیٰ تمھاری شکلوں اور تمھارے مالوں کو نہیں بلکہ تمھارے دلوں اور عملوں کو دیکھتا ھے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

روشنی اور بلندی کا نشان

المنار

جلد ۴ شمارہ ۱

تعلیم الاسلام کالج لاہور

مدیر اعلیٰ
مطیع اللہ درّد
نائبین: سمیع اللہ قریشی
سعد اللہ ورانی

نگران
شیخ محبوب عالم خالد
بی۔ اے آنرز ایم۔ اے

نومبر سنہ ۱۹۵۳ء

فہرست

عنوان	مضمون نگار	صفحہ
اداریہ	م۔ ا۔ د	۲
ہمارا تعلیمی نظام	رفیق احمد ثاقبؔ	۳
موجودہ رسائل پر ایک نظر	مطیع اللہ درّد	۶
تین ہزار سال قبل	الف۔ ایم میال	۸
کس طرح گردش...	م۔ ا۔ د	۹
ساقی نامہ	قاصد ظریف	۱۱
یہ مجھے یاد رہے گا	سمیع اللہ قریشی	۱۲
احادیث کی اقسام	صاحبزادہ مرزا بشیر احمد ایم اے	۱۴
شاید کہ اتر جائے...	احمد بشارت اللہ	۱۵

پبلشر جدید ہاشمی نے دستکاری پریس لاہور میں چھپوا کر شائع کیا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

م۔ا۔د

اداریہ

ہمیں افسوس ہے کہ بعض مشکلات کی وجہ سے المنار کا زیر نظر شمارہ وقت پر شائع نہ ہو سکا جس کے لئے ہم قارئین کرام سے معذرت خواہ ہیں

اس دفعہ طلباء کی قلمی معاونت قدرے حوصلہ افزا ہے چیدہ چیدہ مضامین اس شمارہ میں شائع کئے جا رہے ہیں۔ جن طلباء کے مضامین عدم گنجائش کی بنا پر شائع نہیں ہو سکے انہیں دل برداشتہ نہ ہونا چاہیئے۔ بلکہ انہیں اپنی تحریر کے ادبی اور علمی معیار کو بلند کرنے کی کوشش کرنا چاہیئے۔ تاکہ ان کے مضامین بھی المنار کی زینت بن سکیں۔ بعض طلباء اس غلط فہمی میں مبتلا ہیں۔ کہ مضامین کے انتخاب میں "واقفیت" کو دخل حاصل ہے۔ ہم ایسے طلبا کو یقین دلاتے ہیں۔ کہ المنار کے لئے مضامین کے انتخاب میں بے حد احتیاط سے کام لیا جاتا ہے۔ المنار میں صرف وہی مضامین شائع کئے جاتے ہیں۔ جو المنار کے مسلک کے مطابق اور معیاری ہوں۔ طلبا سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ المنار کی سابقہ روایات اور مسلک کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے اپنے ادبی شہ پاروں کی تخلیق کریں گے۔

تعلیم الاسلام کالج ایک اہم مقصد کے لئے معرض وجود میں آیا ہے جدید علوم کی ترویج و تعلیم۔ اسلامی نظریات کے پس منظر میں المنار کے پیش نظر یہی مسلک ہے۔

• • • • • •

ادارہ المنار سال اول اور سال سوم کے طلبا کو خوش آمدید کہتے ہوئے ان روایات کو یاد دلانا چاہتا ہے۔ جو اس کالج کے طلباء کے ساتھ ہمیشہ وابستہ رہی ہیں۔ کالج کی فضا کو فرقہ وارانہ تعصب سے پاک رکھا جاتا ہے۔ ہر طالب علم اپنے مخصوص عقائد پر کاربند رہتے ہوئے کالج کی مجلسی زندگی میں پوری آزادی اور اطمینان کے ساتھ حصہ لے سکتا ہے۔

کالج میں جدید علوم کی تعلیم کے ساتھ ساتھ طلبا میں اسلامی روح پیدا کرنے کی بھی کوشش کی جاتی ہے۔ ہمیں توقع ہے کہ نئے داخل ہونے والے طلبا اس کالج کی سابقہ روایات کو برقرار رکھتے ہوئے مسلم شعاری۔ سنجیدہ نظری۔ وقار، فرض شناسی، تعلیم و ضبط اور محنت کے بلند معیار کو بلند تر کرنے کی کوشش کریں گے۔ انشاء اللہ

• • • • • •

ہمیں مسرت ہے کہ تعلیم الاسلام کالج کے ایک طالب علم حمید اللہ بی۔ ایس سی کے امتحان میں یونیورسٹی بھر میں دوم رہے۔ اس نمایاں کامیابی پر ادارہ المنار انہیں ہدیۂ تبریک پیش کرتے ہوئے دعاگو ہے کہ اللہ تعالےٰ ان کی اس کامیابی کو آئندہ شاندار کامیابیوں کا پیش خیمہ بنائے۔ آمین

• • • • • • •

شمارۂ زیر نظر میں "ہمارا تعلیمی نظام" اس موضوع پر ایک طالب علم کی پہلی کوشش ہے۔ جس میں موجودہ تعلیمی نظام پر طالبعلم کے نقطہ نظر سے تبصرہ کیا گیا ہے۔ اگرچہ مضمون ابھی تشنۂ تکمیل ہے ہمیں توقع ہے کہ طلبا اس موضوع کے دیگر اہم پہلوؤں کو بھی اجاگر

رفیق احمد ثاقب

ہمارا تعلیمی نظام

جہاں تک وقت کا سوال ہے ہمارے ہاں گریجویٹ بننے کے لئے کم از کم چودہ برس تو لگانے ہی پڑتے ہیں۔ امریکہ اور انگلستان میں بھی شاید اس سے زیادہ عرصہ درکار نہیں ہوتا۔ اس کے باوجود یہ دیکھنے میں آیا ہے۔ کہ ہمارا گریجویٹ مغربی ممالک کے گریجویٹ کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ پس ہمیں یہ سوچنا ہے کہ آخر اس کی وجوہ کیا ہیں؟ یورپ اور امریکہ کے طالب علم ہم سے زیادہ لائق۔ ہم سے زیادہ محنتی اور ہم سے زیادہ ہوشیار کیوں ہوتے ہیں۔ ان ممالک کا طالب علم اپنی تعلیم میں زیادہ دلچسپی کیوں لیتا ہے؟ ان کا بہت آوارہ گرد کہلانے والا طالب علم بھی ہمارے محنتی طالب علم سے زیادہ محنت کیوں کرتا ہے۔

بظاہر اس کے دو سبب ہو سکتے ہیں۔ یا تو قدرت نے ہمارے دماغوں کو ان کی نسبت ناقص بنایا ہے اور ہم نسبتاً کند ذہن ہیں۔ یا ہمارے دماغوں اور صلاحیتوں کی صحیح رہنمائی نہیں کی جاتی۔ جس سے ہم ذہنوں کو صحیح طور پر استعمال کر سکیں۔ یہ حقیقت ہے۔ کہ ہمارے طالب علموں کی اکثریت کو مطالعہ کا وہ شوق نہیں ہے۔ جس کے مظاہرہ کی ایک ہونہار طالب علم سے توقع کی جا سکتی ہے۔ چنانچہ نوے فیصد والدین یہی رونا روتے ہیں کہ ان کا بچہ مطالعہ میں دلچسپی نہیں لیتا لہٰذا کمزور ہے اور بار بار ناکام رہتا ہے

دوسری طرف اساتذہ بھی یہ شکایت کرتے ہیں۔ کہ طلباء باقاعدگی سے محنت نہیں کرتے۔ نتیجہ یہ ہے کہ یونیورسٹی میں نتیجہ کی اوسط تیس سے چالیس فیصد کے درمیان رہتی ہے اس کی بنیادی وجہ ہمارا طرز تعلیم ہے جو ناقص اور اصلاح طلب ہے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ بچپن کے زمانہ میں بچوں کی تربیت گھروں میں مناسب طریق پر نہیں ہوتی۔ اور اس کی ذمہ داری خود والدین پر پڑتی ہے جو اپنے بچوں میں علمی ذوق پیدا نہیں کرتے۔ ہمارے ملک کی اقتصادی بدحالی بھی کافی حد تک اس کی ذمہ دار ہے۔ جس کی وجہ سے حکومت کثرت سے درسگاہیں نہیں کھول سکتی۔

بہرحال بنیادی چیز طریقہ تعلیم ہے۔ ہمارا رائج الوقت نظام یقیناً قابل اصلاح ہے۔ بچہ جب پہلے پہل سکول میں داخل ہوتا ہے تو اس کی عمر پانچ چھ برس کی ہوتی ہے۔ اسے ایک مڈل بلکہ پرائمری پاس استاد سے واسطہ پڑتا ہے۔ جس کا خود اپنا علم بھی کچھ پختہ نہیں ہوتا۔ اس پر مستزاد یہ کہ اس کا "مولا بخش" بھی ہمیشہ استعمال ہوتا رہتا ہے۔ وہ بچہ ایسے استاد کو جلاد تصور کرنے لگ جاتا ہے۔ ایسے استاد سے بچے کو کیا انس ہو سکتا ہے۔ جس کا کام صرف مارنا پیٹنا ہی رہ گیا ہو وہ محض ڈنڈے کے زور سے اسے سبق یاد کرانے کی کوشش

کرتا ہے۔ ایسی صورت میں بچہ سبق کو زبانی یاد تو کر سکتا ہے مگر اسے سمجھ خاک نہیں آتی۔ استاد کا نام سنتے ہی بچہ کانپ اٹھتا ہے اس لئے وہ سکول جانے سے گھبراتا اور ڈرتا ہے۔ بہت سے بچوں کو سکول سے بھاگ جانے کی عادت پڑ جاتی ہے۔ اور بہت سے ایسے ہوتے ہیں جو اس مار پیٹ سے بچنے کے لئے سر پر ٹوکری اٹھانا پسند کرتے ہیں۔ اور زیور تعلیم سے محروم رہ جاتے ہیں۔

جب بچہ کسی نہ کسی طرح پرائمری کا امتحان پاس کر کے حصہ مڈل میں داخل ہوتا ہے تو مار پیٹ کا عادی ہو چکا ہوتا ہے۔ اب بغیر مار کے وہ پڑھتا نہیں ہے۔ اور اگر پٹائی نہ جائے تو اس کا لازمی نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ وہ نالائق رہتا ہے ہر وقت گالیوں اور گھرکیوں کی وجہ سے خود کو نالائق تصور کرتا ہے اور ایک عجیب احساس کمتری میں مبتلا ہو جاتا ہے آخر کسی نہ کسی طرح وہ میٹرک کا امتحان پاس کرتا ہے اور کالج میں داخل ہو جاتا ہے یہاں وہ کچھ اور ہی نظارہ دیکھتا ہے نہ تو پہلے سے وہ سخت گیر استاد ہیں اور نہ سکول کی سی پابندیاں۔ ماحول یکسر بدل جاتا ہے۔ پروفیسر آتے ہیں لیکچر دیتے ہیں اور چلے جاتے ہیں نہ کوئی سوال اور نہ جواب اور نہ گھر کا کام "سکول کی قید و بند سے آزاد ہو کر اس قسم کے آزادانہ ماحول میں طالب علم حد سے زیادہ مسرت محسوس کرتا ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ مطالعہ کی طرف کما حقہ توجہ نہیں دیتا۔ اور آوارہ گردی میں ہی دن گزارنے شروع کر دیتا ہے اس قسم سے طلبا کا وقت پر سنبھلنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ وہ ناکام رہ جاتے ہیں۔

ہمارا نصاب بھی کچھ عجیب معجون مرکب سا ہے۔ کام کی باتیں اس میں بہت کم ہیں۔ ایسی کہ جن سے عملی زندگی میں کوئی فائدہ پہنچ سکتا ہو اس قسم کی تعلیم کا نہ قوم کو فائدہ ہے اور نہ ملک کو۔ اور نہ ہی طالب علم کو اس علم سے کچھ حاصل ہوتا ہے۔ کالج کیا ہیں محض کلرک بنانے کی فیکٹریاں ہیں۔

نصاب اور کتب کے علاوہ ایک اور اہم چیز ہے جسے ہم ماحول کا نام دیتے ہیں۔ اقتصادی حالت خراب ہونے کی وجہ سے حکومت ہمارے کالجوں اور سکولوں پر اس قدر رقم نہیں خرچ کر سکتی۔ جس کی وجہ سے طلبا کو خود بخود اپنے سکول یا کالج کی عمارت سے لگاؤ پیدا ہو جائے۔ انگلستان اور امریکہ کے سکولوں کی عمارتیں ایک نمونہ کی حیثیت رکھتی ہیں۔ وہاں طلباء کی آرام و آسائش کا تمام سامان مہیا ہوتا ہے۔ اور وہ بڑے اطمینان سے تحصیل علم میں مشغول رہتے ہیں۔ ہر قسم کی آسائش انہیں میسر آتی ہے۔ اس لئے سکول سے باہر کی سرگرمیاں اور پُر رونق بازار وغیرہ ان کے لئے کوئی جاذبیت نہیں رکھتے۔ اس کے بالمقابل ہمارے ہاں درسگاہوں کا ماحول خراب ہوتا ہے۔ عمارتیں بوسیدہ فرنیچر ٹوٹا پھوٹا اور ناکافی۔ صفائی مفقود۔ طلبا ان سے اپنی دلچسپی برقرار رکھ سکیں تو کیسے؟

یہ چیزیں بظاہر بے حقیقت سی معلوم ہوتی ہیں۔ لیکن دراصل ہمارے دل و دماغ پر بہت زیادہ اثر ڈالتی ہیں۔ ماحول کا اثر انسان پر ضرور پڑتا ہے۔ جس طرح کا ماحول ہو اسی طرح کی عادات انسان میں پیدا ہو جاتی ہیں۔ بلکہ آج کل کے ماہرین کا تو کہنا ہے کہ رنگوں کے متواتر مشاہدہ کا بھی انسانی فطرت پر بہت حد تک اثر ہو جاتا ہے۔ مثلاً سرخ رنگ دیکھتے رہنے سے غصہ پیدا ہوتا ہے۔ نیلے رنگ کی وجہ سے ہم میں غور و فکر کی عادت پیدا ہو جاتی ہے۔ اور سیاہ رنگ کی وجہ سے ہماری طبیعت حزن و ملال اور اداسی کی طرف راغب نظر آتی ہے۔ اسی طرح اور بھی بیشمار ایسی چیزیں ہیں جن سے ہماری طبیعتیں اثر پذیر ہوتی ہیں کاش ہمارے ماہرین تعلیم بھی ان چیزوں کی اہمیت

کو سمجھیں اور طلباء کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں بہم پہنچانے کی کوشش کریں

ایک انگریز مصنف نے اپنے ہاں کے سکولوں کی ایک جھلک اپنی کتاب "THE BRITISH SCHOOLS" میں دکھائی ہے۔ وہ لکھتا ہے۔

ہمارے ہاں سکولوں میں وقت مقررہ پہ تمام طلبا اپنے مخصوص لباس میں نہایت خاموشی سے اپنے کلاس روم میں بیٹھ جاتے ہیں۔ کمروں کی صفائی پہلے ہی سے اچھی طرح کی جا چکی ہوتی ہے۔ تھوڑی دیر کے بعد ایک ڈاکٹر آکر تمام طلبہ کا معائنہ کرتا ہے انکے جسم کی صفائی اور لباس وغیرہ پہ اچھی طرح نگاہ ڈالتا ہے۔ بوٹ کی پالش۔ دانت۔ ناخن۔ سر کے بال غرضیکہ ہر چیز کو دیکھتا ہے۔ جو سبق پڑھانا مقصود ہوتا ہے استاد ایک دن پہلے ہی اس کی تیاری کر لیتا ہے۔ اس کی یہی کوشش ہوتی ہے کہ کوئی طالب علم کلاس روم سے اچھی طرح سبق سمجھے بغیر نہ جائے۔ جو سبق پڑھانا ہو اسے ایک دن پہلے ہی تختۂ سیاہ پہ لکھ دیا جاتا ہے۔ ہر استاد کا ایک نگران بھی ہوتا ہے۔ جو اس کی نگرانی و رہبری کرتا ہے۔ . . . .

. . . .

یہ لوگ ماہرین نفسیات بھی ہوتے ہیں۔ اور دیکھتے رہتے ہیں۔ کہ استاد کے سبق میں طلباء دلچسپی لے رہے ہیں یا نہیں اگر کوئی لڑکا سبق کے دوران میں ادھر ادھر دیکھتا ہوا پایا جاتا ہے تو اس کی ذمہ داری بھی استاد پہ ہوتی ہے۔ کہ کیوں اس نے اپنے سبق میں اتنی دلچسپی پیدا نہیں کی کہ طلبہ اسمیں محو ہو جائیں اور گرد و پیش کو بھول جائیں۔ سبق ختم ہونے کے بعد چھپے ہوئے فارم طلبا میں تقسیم کر دیئے جاتے ہیں۔ اور جو کچھ پڑھایا گیا ہوتا ہے۔ اس کا امتحان اسی وقت لے لیا جاتا ہے۔ جو طالب علم پڑھائی میں اچھے نہیں نکلتے ان کا نفسیاتی تجزیہ کر کے معلوم کیا جاتا ہے۔ کہ انہیں کس شعبہ کی طرف زیادہ رغبت ہے۔ انہیں پڑھائی کی بجائے اس فن کی تربیت دی جاتی ہے۔ جس کی طرف ان کا طبعی میلان ہو۔

اسی طرح وہ لکھتا ہے کہ ہمارے ہاں استاد اور شاگرد بالکل دوستوں کی طرح رہتے ہیں۔ اور ان کی آپس کی کوئی بات ایک دوسرے سے مخفی نہیں ہوتی۔ یہی وجہ ہے کہ اگر بچے میں بری عادتیں پیدا ہو رہی ہوں۔ مثلاً جھوٹ۔ چوری وغیرہ تو استاد کو فوراً علم ہو جاتا ہے۔ اور وہ مناسب طور پر اسے سمجھا دیتا ہے۔ رفتہ رفتہ بچہ کی یہ خراب عادتیں اس سے بالکل چھوٹ جاتی ہیں۔ شاید اسی لئے وہاں امتحان میں نقل کرنے کا شاذ و نادر ہی کوئی واقعہ ہوتا ہو۔

وہ لوگ علم کو علم کی خاطر پڑھتے ہیں۔ اپنے اندر لیاقت اور قابلیت پیدا کرنا ان کا مقصد ہوتا ہے اپنا نام دنیا میں بلند کرنے کا ان میں ایک ولولہ ہوتا ہے۔ ان کے اساتذہ ان سے پوری وابستگی رکھتے ہیں۔ اور انہیں نہایت شوق اور محنت سے پڑھاتے ہیں۔



مطیع اللہ دردؔ

موجودہ رسائل پر ایک نظر

ان دنوں ملک کی ادبی فضا پہ پھر کہر کے بادل چھائے ہوئے ہیں۔ ادب کا رجحان کسی نامعلوم منزل کی طرف ہے۔ ادب کے علمبردار ابھی تک اپنی منزل کی نشاندہی کرنے سے قاصر ہیں۔ ہر ادیب اپنے نظریات کی صحت پر یقین رکھتے ہوئے اس بات پر مصر ہے کہ اس کے خیالات کو اوّلی مقام حاصل ہے۔

ادب کی تشریح بہت سے مفکرین نے کی ہے۔ والٹر اسکاٹ لکھتا ہے کہ

"ادب وہ آئینہ ہے جس میں کسی زمانہ کے عالمگیر مقاصد اور مروجہ دستور العمل کا چہرہ دیکھا جا سکتا ہے"

میتھو آرنلڈ کی رائے ہے "ادب حیاتِ انسان کی تنقید ہے"

ان مغربی مفکرین کے اقوال سے مجھے کوئی اختلاف نہیں کیونکہ میں خود بھی ادب کو انسانیت کے ارتقا کا آئینہ دار سمجھتا ہوں انسان کے جذبات و احساسات میں جو موجیں برابر اٹھتی رہتی ہیں۔ ان کو خوبصورت الفاظ کا جامہ پہنا دینا ادب کہلاتا ہے موجودہ رسائل صحیح معنی میں ادب کی کہاں تک عکاسی کرتے ہیں؟ یہ ایک سوال ہے۔ جس نے مجھے بارہا یہ سوچنے پہ مجبور کیا کہ ہماری نوزائیدہ قوم جس کی تعمیر کے ارتقائی دور بہت کٹھن اور ناہموار ہیں۔ اپنے ادبی سرمایہ سے خاطر خواہ فائدہ حاصل نہیں کر رہی۔ تعمیر ملت کے لئے ادب اشد ضروری ہے۔ یہ ایسا امر ہے جسے مدنظر رکھنا ادبی رسائل کے لئے ایک لابدی امر ہے۔ موجودہ رسائل تعمیر قوم کے سلسلے میں ایک اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ اور انہیں ایسا کرنا چاہیئے۔ کیونکہ یہ زندہ قوم کا نشان ہوتا ہے یہی رسائل قوم کے ذہنوں کو منزل کے گڑھے کی طرف دھکیل سکتے ہیں اور یہی اپنی مخلصانہ روش سے قوم کے ذہن کو پستی سے نکال کر آسمان کی بلندیوں تک پہنچا سکتے ہیں۔

میں اس مضمون میں تعمیر قوم میں ادب کے کردار پہ کچھ زیادہ لکھنا مناسب نہیں سمجھتا۔ کیونکہ یہ تو ایک مسلمہ امر ہے کہ ملت کی تعمیر میں زیادہ دخل ادب کو حاصل ہے۔ اگر کسی قوم کا ادبی مواد ارفع و اعلےٰ ہے تو یقیناً وہ قوم بھی عمدہ کردار کی مالک ہو گی۔ اور اگر ادب ناقص ہے تو لازماً قوم بھی پست خیالات کی حامل ہو گی۔ اس متمدن دور میں ادب اور قوم اس طرح گھل مل گئے ہیں۔ کہ انہیں جدا کرنا ناممکنات سے ہے یہ دونوں ایک دوسرے پہ دور رس اثرات چھوڑتے ہیں۔ ادب ماحول کی تخلیق کرتا ہے۔ اور ماحول ادب کو جنم دیتا ہے۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ موجودہ ملکی رسائل اپنی ذمہ داریوں کو سمجھیں اور ان سے عہدہ برآ ہونے کی خلوص نیت سے کوشش کریں۔ پاکستانی قوم کا ادبی سرمایہ کسی زندہ قوم کے ادبی سرمایہ سے کم نہیں ہونا چاہیئے۔ لیکن آج کل ہمارے رسائل جس

ڈگر پر چل رہے ہیں۔ وہ قابلِ افسوس ہے۔ خصوصاً علمی رسالے جو ادبیت کے دعویدار ہیں۔ لیکن قوم کیلئے سمِ قاتل کا درجہ رکھتے ہیں

ادبی رسالوں کی اکثریت بھی ردی کے طور پر استعمال کی جانے کے قابل ہے۔ موجودہ ادبی رسائل میں سے اکثر اپنے لئے مواد اس نظریئے سے حاصل نہیں کرتے کہ وہ ادب کی کسوٹی پر پورا اترتا ہے۔ بلکہ محض اس لئے اسے اپنے رسالے کی زینت بناتے ہیں۔ کہ یہ ان کے کسی عزیز دوست یا رشتہ دار کا لکھا ہوا ہوتا ہے بہت سے اچھے لکھنے والے موجود ہیں۔ لیکن وہ منظرِ عام پر اس لئے نہیں آتے کہ ان کا کسی رسالے کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ ایک نیا ادیب جو اچھے ادب کو جنم دینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ محض اس وجہ سے ناکام ہو جاتا ہے۔ کہ موجودہ رسائل اس کی حوصلہ افزائی نہیں کرتے

بعض ادبی رسائل اپنے حاصل کردہ مواد کا کچھ معاوضہ دیتے ہیں۔ ادیب جو یہ سمجھتا ہے کہ اس کے عوض اسے کچھ روپے مل جائیں گے۔ وہ عمدہ اچھی اور ٹھوس علمی و ادبی چیز مہیا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اور ایڈیٹر بھی مصنف سے ٹھوک بجا کر تصنیف شدہ مواد حاصل کرتا ہے۔ ایسے رسائل بہت کم ہیں جو محض اس وجہ سے قیمت ادا کرتے ہیں کہ واقعتاً یہ مواد ادبی لحاظ سے مناسب ہے۔ ورنہ یہاں بھی "واقفیت" اپنا کام کرتی نظر آتی ہے۔ آپ ایسے رسالوں میں چند مخصوص ادیبوں کے کے سوا کسی اور کو نہیں دیکھیں گے۔ بہرحال یہ رسائل دوسرے رسائل کے مقابلہ میں بہتر ہیں۔

ادب برائے ادب اور ادب برائے زندگی دونوں ادب سے متعلق ہیں۔ رسائل کو اسی کسوٹی پر پورا اترنا چاہیئے۔ جب تک ادب کو اس کا اصل مقام نہ دیا جائے گا اس وقت تک

موجودہ منہ لپے ادبی رسالے صحیح معنی میں ادبی نہیں ہو سکتے

بعض رسائل ادب کو فحاشی کی طرف لے جا رہے ہیں۔

"ہیگل شوپن ہار" کے نظریئے کے مطابق "ادیب کا واحد مقصد تلاش حسن ہے"۔ اس سے غلط فائدہ حاصل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ایسے رسائل اپنی بے حیائی اور بے شرمی سے قطع نظر بڑے ناز سے لکھتے ہیں۔ کہ یہی اصل ادب ہے۔ گویا بالفاظ دیگر یہی لوگ ادب کی حقیقی خدمت کر رہے ہیں۔ اگر بنظرِ غائر دیکھا جائے تو ایسے ادب کے لئے مستقبل قریب میں کوئی جگہ نہیں۔ یہ رسائل دعویدار ہیں "اصلیت" کے۔ حالانکہ وہ اخلاقی لحاظ سے بے حیائی۔ بے شرمی اور عریانی کو اصلیت کا نام دیکر ادب میں گھسیٹ رہے ہیں۔ قوم کو ذہنی اعتبار سے مفلوج کرنے کا یہ ایک اور طریق ہے۔

سیاسی رسائل کی ملک میں کمی ہے۔ کچھ رسائل اس کمی کو پورا کر رہے ہیں۔ ان رسائل کی کوشش یہ ہونی چاہیئے کہ وہ اپنی بے لاگ تنقید سے قوم کو ملک کے مسائل کی اہمیت سے آگاہ کریں۔ اور انہیں کسی ٹھوس کام کے لئے ابھاریں۔ سیاسی رسائل کا واحد مقصد حدیث نبوی کے مطابق "جابر سلطان کے سامنے کلمہ حق کہنا" اور غیر جانبدارانہ تنقید ہونا چاہیئے۔

سعد درانی

رباعی

موت کیا ہے! موت تو کچھ بھی نہیں
یہ فقط نامِ شکستِ ساز ہے
ہاں مگر یہ زیست مرگِ انجامِ سعدؔ
درحقیقت سوچنے کا راز ہے

الف۔ ایم میاں:۔

تین ہزار سال قبل

ہڑپہ ضلع منٹگمری (سابق شاہوالی)

ہڑپہ کے کھنڈرات شہر منٹگمری سے تقریباً دس گیارہ میل پر مغرب کو ہوں گے۔ جس سے کچھ دور مغرب کی طرف دس میل کے فاصلہ پر ایک پرانا شہر چیچہ وطنی ہے۔

آج کل لفظ "ہڑپہ" دو معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ ایک پرانا ہڑپہ جہاں پرانے یعنی آج سے کم از کم تین ہزار سال قبل کے کھنڈر پائے جاتے ہیں۔ اور دوسرے موجودہ ریلوے سٹیشن ہڑپہ روڈ۔

• • • • • • • • • • •

ہڑپہ کے کھنڈر ریلوے لائن سے دو اڑھائی میل شمال میں ہیں۔ ایک پختہ سڑک ریلوے لائن اور پرانے ہڑپہ کو ملاتی ہے جو حال ہی میں تیار کی گئی ہے۔ اگر آپ کو ہڑپہ جانے کا اتفاق ہو تو آپ دیکھیں گے کہ آج بھی یہ علاقہ کس قدر سرسبز و شاداب ہے ہرے ہرے کھیتوں میں بڑے بڑے کھنڈر دلفریب نظر آتے ہیں

۱۹۲۲ء میں جب کہ ماہر آثار قدیمہ مسٹر آر۔ ڈی بینرجی نے جو اس وقت مغربی حلقہ کے سپرنٹنڈنٹ تھے۔ موہن جو دارو (ضلع لاڑکانہ) میں کھنڈر کھودنے کا کام شروع کیا تو پنجاب میں ہڑپہ کے مقام پر اسی سال رائے بہادر دیارام نے کھدائی کا کام شروع کر دیا۔

ہم ہڑپہ کی سیر کے لئے گئے تھے۔ تو انہی ایام میں پاکستان کے ماہرین کھدائی کا کام کروا رہے تھے۔ اور اکثر لوگ دیکھنے کی غرض سے وہاں پہنچے ہوئے تھے۔

ہڑپہ کا سربمکان دھوپ سے خشک کی ہوئی چھوٹی اینٹ سے بنایا گیا ہے۔ یہ چند ایک ٹیلوں کو طے کر کے ایک وسیع کھنڈر میں جا نکلے جس کی دیواروں میں سے کوئی چھ فٹ اونچی اور کوئی چار فٹ اونچی تھی۔ اس کے ہر گھر سے گندے پانی کی ایک نالی باہر نکلتی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ ان گھروں میں غسلخانے بنے ہوئے تھے۔ اکثر گھروں کے نیچے تہ خانے بھی معلوم ہوتے ہیں بے شک یہ گھر برباد ہوئے ... ۳ سال گزر گئے۔ مگر یہ اب تک اپنی عظمت اور بنانے والوں کی یاد تازہ کر رہے ہیں۔ تمام شہر جو اب تک کھودا گیا ہے۔ اس کی سڑکیں چوڑی اور کشادہ ہیں۔ بعض مقامات پر بہت موٹی موٹی دیواریں اور بڑے بڑے محلات کے کھنڈر معلوم ہوتے ہیں۔ بعض جگہ پر کچھ اس طرح کے کھنڈرات ہیں کہ یہ معلوم ہوتا ہے۔ یہ شہر کئی بار اجڑا اور بسا یاد رہے کہ شہر کی کھدائی کا کام چھوٹے چاقوؤں اور نشتروں سے کیا جاتا ہے۔ وہ بھی نہایت احتیاط کے ساتھ۔ اگر کھودتے کھودتے کہیں بالکل معمولی سی اینٹ نکل آئے تو بالکل آہستہ آہستہ اس کے اوپر سے مٹی ہٹائی جاتی ہے۔ اس لئے کہ شاید یہ کسی بڑے محل کی تمہید ہو۔

ہم نے وہاں مٹی کے ٹوٹے پھوٹے برتن بھی دیکھے۔ ایک

(باقی صفحہ ۱۶ پر)

م۔ا۔و

کس طرح گردشِ دوراں کو رلایا میں نے

شعور اور لاشعور کے تانے بانے ایک دوسرے سے الجھ کر علیحدہ ہو گئے۔ حالات کو پرکھنے اور سمجھنے کی قوت تیز ہو گئی۔ تو اس احساس نے میرے دل کو پژمردہ سا کر دیا کہ قسام ازل نے بہت سے انجانے غم میرے جھولے کو لکھ دیئے ہیں۔ ابتدا ر میں غم زمانہ کی چوٹ کا احساس دل پر ٹھیس لگاتا مگر اٹھتی عمر کا لاابالی پن جلد ہی اسے دبا دیتا۔ گردشِ روزگار کے نت نئے چرکے میرے ناداں سے دل کو زندگی کے تلخ حقائق سے دوچار کرتے رہے حیات کے نشیب و فراز گزرتے گئے۔ وقت کی ضربوں نے مجھے دنیا سے دنیا والوں سے اور خود اپنے آپ سے بیزار کر دیا۔ زندگی مجھے ایک ذلیل شے نظر آنے لگی۔ مجھے اپنے دل و دماغ میں ایک آگ سی لگی ہوئی محسوس ہوتی۔ میں سوچتا کاش ایک ہی دفعہ شعلے کی طرح جل کر بجھ جاتا۔ دل و دماغ کو پگھلا دینے والی تپش میں سلگ سلگ کر جئے جانا کس قدر اذیت ناک ہے۔ پژمردگی بڑھتی گئی اور میں بے جان و نڈھال سا ہو کر رہ گیا۔ سب نے میری گرتی ہوئی صحت کو بیماری پر محمول کیا۔ سب نے مجھے بیمار سمجھا مگر میرے دل میں غم کی ڈوبتی ابھرتی لہروں کو کوئی نہ دیکھ سکا کسی نے میرے روگ کو سمجھنے کی ضرورت محسوس نہ کی۔ میں خود ہی دل کو تسلی دے لیتا کہ دکھ کے بعد سکھ بھی ضرور میرا منتظر ہو گا۔ عرصۂ محرومی کی طوالت سے گھبراتا تو فانیؔ کا یہ شعر زبان پر آجاتا۔

یا رب تیری رحمت سے مایوس نہیں فانی
لیکن تیری رحمت کی تاخیر کو کیا کہیئے

دن بیتتے گئے۔ خزاں بہار میں اور بہار خزاں میں تبدیل ہوتی گئی اور میں ؎

بے دل سے بے خیال سے بے اعتبار سے
کھیلا کئے فضائے بہار و خزاں سے ہم

ایک مرتبہ کسی نے میرے اضمحلال کو دیکھ کر کہا بگلے! دنیا تو ہے ہی دارالمحن اس کے رنج سے گھبرا جانا بزدلی ہے آدمیت کو چیلنج ہے۔ موت تو وقت پر ہی آئے گی۔ زندگی کو موت سے بدتر بنا لینا دانشمندی نہیں۔ بہت سے حوادث کو شکست دینے کی سعی کیوں نہیں کرتے۔ دل بھی اس پر تیار سا ہو گیا اور میں نے اپنی زندگی کا ایک نیا باب شروع کیا۔ جسے دیکھئے والے قہقہوں سے بھرپور جانتے ہیں میں نے بے وجہ ہی ہنسنے کی کوشش کی ناکام تو ہوا۔ مگر دل نے اس ناکامی کو قبول کرنے سے گریز کیا۔

قدرت کو بھی کچھ رحم آگیا۔ اور میری مسلسل کوشش کی حوصلہ افزائی ہونے لگی۔ میں نے اپنے رنج کی لہروں کو دوسروں کی خوشی میں شریک ہو کر دبا دیا۔ آنسوؤں کو اوپر سے قہقہوں میں بدل دیا۔ زندگی میں دوبارہ رنگ سی محسوس ہونے لگی۔ میں نے

اپنی روح کی اداسیوں کو کم ہوتے محسوس کیا۔ اور ارادہ کر لیا کہ بھاگتے ہوئے وقت سے میں اپنے حصے کی مسرتیں چھین لونگا۔ دنیا کی ستم انگیزیاں بڑھیں تو۔ مگر میری معنی خیز مسکراہٹ کو شکست نہ دے سکیں۔ میرے قہقہوں کے بے ہنگم شور کو دبا نہ سکیں۔ حیات دو روزہ میرے لئے بھی دلچسپیوں کا مرکز بن گئی۔ زندہ دلی زندگی کا نام ہے۔ مردہ دل خاک جیا کرتے ہیں۔ میں نے دکھی رہنے والی روح کو بدل کر زندگی کو زندہ دلی سے دیکھنا شروع کر دیا لاکھ گردش زمانہ نے رنگ بدلے اور مجھ پر غالب آنا چاہا۔ مگر ؎

ہر مصیبت کا تبسم سے دیا میں نے جواب
اس طرح گردشِ دوراں کو رلایا میں نے

سعد درانی

مجھے حسین سہاروں پہ اعتبار نہیں

مجھے چمن کی بہاروں پہ اعتبار نہیں
کلی پہ گل پہ ہزاروں پہ اعتبار نہیں
یہ سب طلسم مجھے وہم ہے نظر آتا
مجھے فلک پہ ستاروں پہ اعتبار نہیں
فضا یہ وسعتِ تخیل کے سوا کیا ہے
مجھے افق کے شراروں پہ اعتبار نہیں
شبِ دراز میں زندہ رہیں یہ تابِ سحر
مجھے تو درد کے ماروں پہ اعتبار نہیں
خزاں بہار کی آمد کا ہے نشان مگر
مجھے حسین سہاروں پہ اعتبار نہیں

سمیع اللہ قریشی

"تو!"

کوئی ہے جو میرے لئے مرے غم زندگی کو سمجھ سکے
کوئی ہے جو عالمِ یاس میں مرے غم کا رنگ بدل سکے
کوئی ہے جو آج دلِ حزیں کو اداسیوں سے بچا سکے
کوئی ہے جو اس دلِ بے قرار کی دھڑکنوں میں سنبھل سکے
جو میرے خیال کی رفعتوں کو نہ چھو سکے اسے کیا کروں
مجھے اس سے کیا جو مرے سکون کی ساعتوں میں نہ کھو سکے
اسے کیا کروں جو مری نگاہ کی وسعتوں پہ نہ چھا سکے
مجھے اس سے کیا کہ جو میرے شوخ دل کے داغ نہ دھو سکے
جو تری طرح مری الجھنوں کو سنوار دے وہ کوئی نہیں
جو تری طرح مرے دل کے ساز کو سن سکے وہ کوئی نہیں
وہ کوئی نہیں جو تری طرح مرے دل کی بات بنا سکے
جو تری طرح مرے دل کے راز کو پا سکے وہ کوئی نہیں
جو ترے حضور ترے قریب ترے جوار میں نہ چلے
جو پھر ایک بار بلا سکے مجھے اپنے پاس وہ کون ہے
جو مری نگاہ سے دور ہو کے مری نگاہ کے پاس ہے
جو دوا کرے مرے درد دل مرے رنج و غم کی وہ کوئی ہے
جو مرے نصیب کو پھر زوال کے دائروں سے نکال لے
جو مجھے عروج کے راستوں پہ رواں کرے وہ تو ہی تو ہے
جو مرے خیال کی رفعتوں سے کہیں رفیع و بلند ہے!
جو کسی بیان کی وسعتوں میں نہ آ سکے وہ تو ہی تو ہے!

قاصد ظریف

ساقی نامہ

بہت دن سے فسردہ ہے مری یہ زندگی ساقی
مرے ہونٹوں پہ مدت سے نہیں آئی ہنسی ساقی

گھڑی بھر کے لئے اچھی نہیں یہ بیخودی ساقی
پلا وہ شئے کہ مل جائے حیاتِ سرمدی ساقی

پلائی تھی جو تو نے رات وہ کیا چیز تھی ساقی
وہی ہیں سوزشیں دل کی وہی تشنہ لبی ساقی

وہی ہم ہیں، وہی تم ہو، وہی صہبا وہی ساغر
مگر ہے آج بدلی سی وہ طرزِ مے کشی ساقی

کوئی سمجھا نہ تھا اب تک مری بیتابیٔ دل کو
زہے قسمت مری یہ آنکھ سب کچھ کہہ گئی ساقی

مرے غم کے افق پر وہ ستارے اب بھی ہیں رقصاں
کہ جن سے درد کی دنیا میں ہے تابندگی ساقی

یہاں تو آج بھی سجدے تڑپتے ہیں جبینوں میں
نواہائے شکستہ میں اثر ہے آج بھی ساقی

تیری محفل میں ہم پہنچے تو پھر بیگانگی کیسی؟
مزہ جب ہے کہ تو بھی کچھ ہمارے ساتھ پی ساقی

بتاؤ کس طرح ہم کو کسی پہ اعتبار آئے
جہاں ہو آدمی کا دشمنِ جاں آدمی ساقی

چلو پھر لالہ و گل میں وہ سوزِ آتشیں پھونکیں!
چمن والوں کو دے دیں ہم پیامِ زندگی ساقی

غمِ دوراں نے احساسِ مسرت تک مٹا ڈالا
کہاں تک کر سکو گے تم مری چارہ گری ساقی

ذرا سا دیکھ لو تم بھی مرے ویرانۂ دل کو!
یہ وہ دنیا ہے جو آباد تھی پہلے کبھی ساقی

ملا ہے دل ہی کچھ ایسا جو ہر دم روتا رہتا ہے
یہ آنکھیں بھی ہمیشہ سے رہی ہیں شبنمی ساقی

مگر پھر بھی چمن کی ہر کلی افسردہ رہتی ہے
نظر شبنم کی اس پہ گو ہمیشہ سے رہی ساقی

خدا جانے وہ میرا چاند کس بستی میں اترے گا
نہ جانے کس کے آنگن میں کھلے کی چاندنی ساقی

جنوں اپنا سلامت ہے تو ہیں لاکھوں گریباں بھی
خود اپنے چاک کی کر لیں گے ہم بخیہ گری ساقی

ترا قاصد تری دیوار کے سائے تلے ہوگا
اب اس کا پوچھنا کیا۔ حال ہے ناگفتنی ساقی

سمیع اللہ قریشی

یہ مجھے یاد رہے گا

اس دن سب دوستوں نے مل کر پروگرام بنایا کہ دریا کی سیر کی جائے۔ اور چناب پر پکنک منائی جائے۔ والی بال کا میچ اور مشاعرہ بھی وہیں ہوں۔ اب تو تعطیلات ختم ہونے کو ہیں۔ پھر نہ جانے کب اکٹھا ہونے کا موقع ملے۔ ستمبر کے پہلے ہفتہ میں کالج کھل رہا ہے۔ کیوں نہ ایک یادگار دن مناتے چلیں۔ ایک ایسا دن جسے ہم کبھی نہ بھول سکیں۔ جس کی یاد زندگی بھر دل میں چٹکیاں لیتی رہے۔

اور پھر سچ مچ اگلے جمعہ صبح ہی ہم چند دوست کشتیوں پر سوار چناب کی موجوں سے کھیل رہے تھے۔ بڑا سہانا سماں تھا مشرق کے افق سے اودے اودے بادل امنڈ امنڈ کر وسیع وبسیط آسمان کی نیلاہٹوں میں جذب ہو رہے تھے۔ چناب کے کنارے کالی کالی چٹانوں کا ایک سلسلہ اور اس کے دامن میں اُگی ہوئی لمبی لمبی سبز گھاس بڑی بھلی معلوم ہوتی تھی۔ کیا حسین نظارہ تھا۔ دو کشتیاں ساتھ ساتھ چناب کا آبی سینہ چیرتی ہوئیں پل کے نیچے سے گزر رہی تھیں۔ نوجوان ساتھیوں کے ننگے بازوؤں کی ابھری ہوئی مچھلیاں پھڑک رہی تھیں۔ چپو اٹھ اٹھ کر پانی کو روئی کی طرح دھنک رہے تھے۔ جیسے چناب کی طوفانی لہروں کا مذاق اڑا رہے ہوں۔ راحیل اور راشد کنارے پر کھڑے کیمرے فٹ کئے ہماری تصویریں لے رہے تھے۔

رضوان ہمارا غیر ملکی دوست بھی ہمارے ساتھ ہی اس سیر کا لطف اٹھا رہا تھا۔ اسے ٹوٹی پھوٹی اردو بھی آتی تھی۔ لیکن ہم اس سے عموماً انگریزی میں بات چیت کیا کرتے تھے۔ وہ دینی تعلیم حاصل کرنے کے لئے حبشہ سے پاکستان ہزاروں میل کا فاصلہ طے کر کے ہمارے پاس آیا تھا۔ اس کا ارادہ تھا کہ وہ اسلام کے لئے اپنی زندگی وقف کر دے مبلغ اسلام بنے۔ تاخدا اور اسلام کا پیغام دنیا کے گوشے گوشے تک پہنچا دے۔

ظہر کے قریب ہم کشتی رانی سے فارغ ہو کر کنارے سے ذرا دور کھجوروں کے ایک جھنڈ میں چلے گئے۔ وہاں کھانا کھایا۔ اور نماز کے لئے تیار ہو گئے۔ رضوان نے اپنے مخصوص عربی انداز میں اذان کی آواز بلند کی۔ کتنا سوز تھا اس کے لہجہ میں۔ میں خود بڑی اچھی آواز سے اذان کہہ سکتا ہوں۔ ہمارے گاؤں کا مؤذن سراج الدین گردونواح میں اذان دینے کے لئے مشہور تھا۔ لیکن آج کی اذان میں کچھ اور ہی لطف تھا۔ رضوان نے اذان دے کر ایک پیارا سماں باندھ دیا۔ اس کی رسیلی آواز چناب کے کنارے ایک چھوٹے سے نخلستان سے اٹھ اٹھ کر چناب کی وسعتوں میں گونجتی رہی۔ اور میں ہمہ تن گوش سرنگوں بیٹھا دل ہی دل میں اذان کے پر عظمت الفاظ دہرا تا رہا۔

نماز ہوئی اور پھر سب دوستوں کے مشورہ سے ایک محفل مشاعرہ منعقد ہوئی۔ لطف المنان ساحر اور مطیع اللہ درد کے مذاحیہ اشعار سن کر سب ساتھی ہنس ہنس کر دوہرے ہو رہے تھے۔ عبد الماجد شاہد اور عبد الباسط نے بھی اپنی نظمیں سنائیں۔ سب سے آخر میں میں نے بھی دوستوں کے اصرار پہ موقع کی مناسبت سے اپنی نظم

"چناب" سنائی۔ جو بہت پسند کی گئی۔ اور خصوصاً اس کا آخری بند۔ مبشر لطیف تو اسے جھوم جھوم کر پڑھ رہے تھے۔

کسی غریب کے غم میں شریکِ غم ہو کر
چناب رنگ کی آزادیوں میں کھو جاؤں
مرے چناب تری وسعتوں میں گم ہو کر
ترے قریب تری وادیوں میں سو جاؤں

رضوان مبشر لطیف کی حالت سے بڑے متاثر دکھائی دیتے تھے ان کے پوچھنے پر میں نے انہیں آخری شعر کا مطلب سمجھایا تو ایک لمبی آہ بھر کر کہنے لگے "کاش ایسا ہو سکے۔ کاش اس مقدس اور پر ایمان وادی میں ہمیشہ کی نیند سونے کی سعادت مجھے بھی مل سکے"

مشاعرہ کے بعد کبڈی اور والی بال کے میچ ہوتے رہے اور اسی کھیل کود میں نماز عصر کا وقت ہو گیا۔ سب ساتھی وضو کرنے لگے۔ میں نے اذان کہی۔ اتنے میں کچھ دوست نماز کے لئے کھڑے ہو چکے تھے۔ میں نے کہا "رضوان نہیں آئے اور اختر بھی موجود نہیں" سلیم نے کہا "وضو کر رہے تھے۔ ابھی میں ان کے پاس سے آیا ہوں"۔ ہم لوگ نماز پڑھنے لگے شاید آخری رکعت تھی کہ چیخیں سنائی دیں۔ مسلسل چیخیں۔ میں کانپ سا گیا۔ اور سلام پھیر کر جلدی سے کنارے کی طرف بھاگا۔ اُف! میرے خدا! وہی ہوا جس کا مجھے خدشہ تھا۔ رضوان ڈوب رہے تھے اور اختر انہیں پکڑنے کے لئے ہاتھ پاؤں مار رہا تھا۔ میں زور زور سے آوازیں دینے لگا۔ سلیم۔ منان۔ ماجد۔ راشد جلدی آؤ رضوان ڈوب رہے ہیں۔ اور پھر غڑاپ سے میں نے بھی دریا میں چھلانگ لگا دی۔ سلیم اور ماجد بھی تیرتے ہوئے آ رہے تھے۔ لیکن رضوان کے قریب سخت کوشش کے باوجود کوئی بھی نہ پہنچ سکا۔ چناب کی تند موجیں انہیں اپنی لپیٹ میں لے چکی تھیں۔

اختر کی بھی بُری حالت تھی۔ بڑی مشکل سے کھینچ تان کر اسے کنارے پر لایا گیا۔ اسی وقت غوطہ زن بلائے گئے۔ آخر تین گھنٹے کی مسلسل جدوجہد کے بعد رضوان کے جسم کو تلاش کر لیا گیا۔ لیکن اب ہمارے سامنے جیتے جاگتے رضوان نہیں تھے۔ رضوان کی لاش تھی۔ ڈاکٹر منور احمد بھی اطلاع ملتے ہی کار پر پہنچ چکے تھے سلیم ڈھاریں مار مار کر رو رہا تھا۔ میں نے روتے ہوئے ڈاکٹر صاحب سے کہا "ڈاکٹر صاحب کسی طرح ہمارے رضوان کو بچا لیجئے ڈاکٹر صاحب خدا کے لئے....." لیکن ڈاکٹر صاحب سسکیاں بھرتے ہوئے کہہ رہے تھے۔ ظہیر! تمہارا رضوان موت کے گھاٹ میں داخل ہو چکا ہے۔ اس کی روح اپنے پیدا کرنے والے سے ملاقات کے لئے پر تول چکی ہے"۔ آہ رضوان ہم سے جدا ہو گئے آہ ہم حبشہ کی بھیجی ہوئی امانت کی حفاظت نہ کر سکے۔ رضوان شہید ہو گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

رضوان کی لاش کو ایک چارپائی پر ڈال کر ہم سب آنسو بہاتے ہوئے سوگوار دل کے ساتھ واپس آ گئے۔ اور اسی شام جب سورج مغرب کے افق میں ڈوب چکا تھا۔ رضوان بھی دنیا میں ہمیشہ کے لئے ہماری آنکھوں سے اوجھل ہو کر قبر کی تنہائیوں اور تاریکیوں میں چھپ گئے۔ آہ رضوان کے چند گھنٹے پہلے کہے ہوئے الفاظ کتنی جلدی پورے ہوئے۔ مجھے اپنا وہ شعر یاد آ رہا تھا جس کے متعلق رضوان نے کہا تھا "کاش ایسا ہو جائے" اور وہی ہو گیا۔

بعد میں اختر نے بتایا کہ رضوان کنارے پر ایک پتھر کے اوپر بیٹھے وضو کر رہے تھے۔ کہ یکایک پتھر اپنی جگہ سے لڑھک گیا اور چناب کی طاقتور لہریں رضوان کو بھی اپنے ساتھ بہا کر لے گئیں۔ اختر کی انتہائی کوشش کے باوجود رضوان اس کے ہاتھ نہ آ سکے۔ آہ رضوان تیرنا بھی تو نہ جانتے تھے۔ کاش انہیں تیرنا آتا تو شاید

وہ بچ جاتے ، لیکن ایک مجاہد کی آرزو کیسے پوری نہ ہوتی ۔ جناب کی دستگیری نے اپنے ہاتھ پھیلا کر رضوان کو اپنی آغوش میں لے لیا ۔ واقعی یہ ایک ایسا سوگوار دن تھا جو ہمیشہ یاد رہے گا ۔

اگلی صبح جب میں رضوان کی قبر پہ فاتحہ کہنے کے لئے قبرستان پہنچا تو وہاں ایک عجیب قسم کا ہیبت ناک سناٹا چھایا ہوا تھا اب تو چناب بھی خاموشی کے ساتھ بہہ رہا تھا اور کالی چٹانوں کے تپھر بھی جیسے اپنی جگہوں پہ جم گئے ہوں ۔ میری آنکھوں سے دو آنسو ڈھلکے اور قبر کی مٹی میں جذب ہو گئے ۔

صاحبزادہ مرزا البشیر احمد ایم ۔ اے ۔

احادیث کی اقسام

حدیث قولی :۔ وہ حدیث جس میں حضرت رسول اکرم صلعم کی زبانِ مبارک سے نکلے ہوئے الفاظ بیان کئے گئے ہوں ۔ مثلاً کوئی صحابی یہ بیان کرے کہ فلاں موقع پہ آنحضرتؐ نے یوں فرمایا ۔

حدیث فعلی :۔ وہ حدیث جس میں آنحضرت صلعم کے کسی قول کا ذکر ہو بلکہ صرف فعل کا ذکر ہو ۔ مثلاً یہ کہ آنحضرت صلعم نے فلاں موقع پہ یہ کام کیا

حدیث تقریری :۔ وہ حدیث جس میں آنحضرت صلعم نے کسی صحابی کے فعل یا قول کو صحیح سمجھتے ہوئے اسے برقرار رکھا ہو اور اس پہ اعتراض نہ فرمایا ہو ۔

حدیث قدسی :۔ وہ حدیث جس میں آنحضرت صلعم نے خدا تعالےٰ کی طرف کوئی ارشاد یا فعل منسوب فرمایا ہو ۔ مثلاً یہ فرمایا ہو کہ خدا تعالےٰ نے مجھے اس اس طرح ارشاد فرمایا ہے ۔ اور یہ بات قرآنی وحی کے علاوہ ہو ۔

حدیث مرفوع :۔ وہ حدیث جس کا سلسلہ آنحضرت صلعم تک پہنچتا ہو ۔ اور آپ کی طرف کوئی بات براہ راست منسوب کی گئی ہو ۔

حدیث موقوف :۔ وہ حدیث جو آنحضرت صلعم تک پہنچنے کی بجائے کسی صحابی تک آکر رک جاتی ہو ۔ مگر اس حدیث کی نوعیت اور صحابی کا انداز بیان ایسا ہو کہ یہ قیاس کیا جائے کہ یہ حدیث آنحضرت صلعم سے سنی گئی ہے ۔

حدیث متصل :۔ وہ حدیث جس کے تمام راوی پوری پوری ترتیب کے ساتھ مذکور ہوں ۔ اور کوئی راوی درمیان میں چھٹا ہوا نہ ہو

حدیث منقطع :۔ وہ حدیث جس کا کوئی راوی درمیان میں سے چھٹا ہوا ہو ۔

حدیث صحیح :۔ وہ حدیث جس کے تمام راوی حافظہ ، سمجھ اور دیانت کے لحاظ سے قابلِ اعتماد ہوں ۔

حدیث ضعیف :۔ وہ حدیث جس کا کوئی راوی حافظہ ، سمجھ اور دیانت کے لحاظ سے قابلِ اعتماد نہ ہو ۔

حدیث موضوع :۔ وہ حدیث جس کے متعلق یہ ثابت ہو جائے کہ وہ کسی دروغ گو راوی نے اپنی طرف سے وضع کر کے بیان کر دی ہے ۔

اثر :۔ اس روایت کو کہتے ہیں جو صرف کسی صحابی کے قول پہ مشتمل ہو ۔ اور اس میں آنحضرتؐ کی طرف سے کوئی بات منسوب نہ ہو ۔

(چالیس جواہر پارے)

احمد بشارت اللہ

نوجوانوں کے نام

شائد کہ اتر جائے ترے دل میں مری بات

آج کل سنیما دیکھنے کا شوق عالمگیر ہوتا جارہا ہے۔ ملک کے ہر گوشے کے عوام اس کے بڑے دلدادہ نظر آتے ہیں۔ اگر بنظر غائر اس شوق کے پس منظر کو دیکھا جائے تو ہمیں اس میں دنیوی زندگی کے روشن اور تاریک پہلو نظر آتے ہیں جنہیں متعلقہ فلمی ادارے نت نئی فلموں میں "اسٹوری" کے الفاظ کے ہیر پھیر سے پیش کرتے ہیں۔ ان میں دنیوی زندگی کے تاریک پہلو کو زیادہ نمایاں کر کے پیش کیا جاتا ہے۔ اس کا اثر سنیما کے شوقینوں کی اکثریت پر برا پڑتا ہے انہیں برائی کی طرف مائل کرتا ہے۔

موجودہ زمانہ میں اخلاق سوز فلموں کو جو مقبولیت حاصل ہے۔ وہ شائد ہی پاکستان کیا دنیا کے کسی بڑے سیاسی رہنما کو حاصل ہو۔ "خربوزہ خربوزہ کو دیکھ کر رنگ پکڑتا ہے"۔ ان اخلاق سوز فلموں کو دیکھنے سے طلبا میں بالخصوص اور عوام میں بالعموم ایسی حرکات پیدا ہوتی ہیں جو معاشرہ کے لئے نقصان دہ ثابت ہوتی ہیں اور جن کے اپنانے پر مزید برائیاں پیدا ہونیکا احتمال ہے۔ حال ہی میں امریکہ کے ایک ماہر نفسیات نے اپنی نئی کتاب میں اس امر کا انکشاف کیا ہے کہ عوام میں مجرمانہ ذہنیت کی تقویت کا سبب ایسی اخلاق سوز فلمیں ہیں۔ جن میں متعدد کردار لاقانونیت۔ ڈاکے۔ رہزنی کرتے دکھائے جاتے ہیں۔ اس کا لازمی نتیجہ یہ نکلتا ہے۔ کہ عوام ان ہتھکنڈوں کو اپناتے ہوئے مجرمانہ طریق زندگی اختیار کر لیتے ہیں

دراصل ہمارے ہاں بیشتر ڈرامہ نویس حضرات نے عوام کے رجحانات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ایسے ڈرامے اور کہانیاں لکھنا شروع کر دی ہیں۔ جن میں تاریک پہلو زیادہ اور روشن پہلو کم ہوتا ہے۔ وہ ایسے ڈرامے لکھ کر اپنی اور فلم کمپنیوں کے مالکوں کی جیبوں کو پُر رکھتے ہیں۔ ایک تو یہی فلمیں عوام کی گاڑھے پسینہ کی کمائی کو چوس رہی ہیں۔ دوسرے ان میں افادیت سے قطع نظر عیش و عشرت کے سامان ناچ رنگ زیادہ پیش کئے جاتے ہیں۔ آج کل اسی پہلو کے پیش نظر جو مقبولیت انگریزی فلموں کو حاصل ہے۔ وہ اردو فلموں کو میسر نہیں۔

پاکستانی عوام ایسی فلموں کو پسند کرتے ہیں۔ جن میں عریانی اور بے حیائی زیادہ ہو یہی وجہ ہے۔ کہ آج کے نوجوان اکثر منفی جذبات سے مشتعل ہو کر برائی کی طرف رجوع کرتے ہوئے اخلاق سوز حرکات پر اتر آتے ہیں۔ جس کا واضح ثبوت آئے دن اخبارات کے کالم بہم پہنچاتے ہیں۔

ابھی پچھلے دنوں ہفت روزہ "قندیل" کے "تماشائی" نے معاشرہ کے اس نقص پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا تھا کہ کس طرح ہماری ننھی پود فلم بینی کی طرف مائل ہے۔ کیا ہم اس پود سے مستقبل میں کسی امید افزا کام کی امید رکھ سکتے ہیں؟ آخر ان کا ذمہ دار کون ہے۔ ڈرامہ نویس یا ڈائریکٹر اصحاب تو ظلم کو مرتب کرنے کے بعد اپنے آپ کو اس فرض سے عہدہ برآ سمجھتے ہیں۔ حالانکہ

معاشرہ سے بگاڑنے کی ذمہ داری انہی پر عائد ہوتی ہے۔ کیا یہی حضرات نصیحت آموز یا معلوماتی پیرایہ میں فلموں کو مرتب کر کے ملک و قوم اور انسانیت کی ایک اہم خدمت سرانجام نہیں دے سکتے۔ مگر مصیبت تو یہ ہے کہ ہمارے فلمی پردھانوں میں ایسے خیالات کا فقدان ہے۔ وہ تو "مایا" کے بھوکے ہیں عوام جائیں بھاڑ میں۔

آیئے! اس موذی کے نقصانات بھی گنوا دوں۔

جب نوجوان ایسی اخلاق سوز فلموں کو دیکھتے ہیں تو وہ اپنے شوق کی تکمیل کے لئے زمانہ تعلیم میں ہی اوباش بن جاتے ہیں۔ اخلاق سے گری ہوئی فلموں سے لطف اندوز ہو کر اس سے بھی بدتر کام کر کے قومی کردار کی تباہی کا موجب ہوتے ہیں۔

کبھی آپ نے طبی نقطہ نگاہ سے بھی فلم بینی کو دیکھا ہے؟ اگر نہیں تو سنیئے! جن لوگوں کے لئے فلم بینی عادت ثانیہ بن چکی ہے وہ تو ضرور اسے بیماریوں کی جڑ بتائیں گے۔ یہ لوگ فلم بینی کے عادی ہونے اور صحت کے برقرار نہ رہنے کی وجہ سے آئے دن بیمار رہتے ہیں۔ سینما ہال میں رات کو کافی دیر تک جم کر بیٹھنا اور جاگتے رہنا۔ آنکھوں کی بینائی۔ معدہ کی خرابی اور مختلف قسم کی امراض پیدا کرتا ہے۔ ممکن ہے جوانی میں ان بے اعتدالیوں کا اثر ظاہر نہ ہو۔ مگر بڑھاپے میں اسے ہر انسان محسوس کرتا ہے۔

جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے۔ فلم بینی کا زیادہ تر اثر نوجوانوں کی "بینائی" پر پڑتا ہے۔ پردۂ سکرین پر متواتر تین چار گھنٹے ٹکٹکی لگا کر دیکھتے رہنے سے آنکھوں پر معمول سے زیادہ بوجھ پڑتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ طالب علموں کی اکثریت عینک استعمال کرنے پر مجبور ہو جاتی ہے۔ ہاں! میں ایسے "عینک باز" طلبا کو اس مد میں شامل نہیں کرتا۔ جو حفظانِ صحت کے اصولوں کی پرواہ نہ کرتے کی وجہ سے تعلیم کے دوران میں آنکھوں کی بینائی کمزور کر لیتے ہیں۔

اب ذرا مالی نقصان کو لیجئے! لاکھوں روپیہ جو اس عیاشی پر خرچ ہوتا ہے۔ اگر کسی نیک یا مفید کام میں لگایا جائے تو اس کثیر رقم سے کئی ایک منافع حاصل ہو سکتے ہیں۔ بعض لوگ تو ایسے بھی ہیں جو گھر کے اخراجات کی تنگی کو بالائے طاق رکھتے ہوئے سینما جاتے ہیں۔ اب یہ شوق اتنا بڑھ گیا ہے۔ کہ مزدور جو روپیہ۔ آٹھ آنے کماتے ہیں۔ وہ بھوکا رہنا پسند کرتے ہیں مگر سینما دیکھنے میں ناغہ نہیں ہونے دیتے۔ اس طرح وہ اپنے گاڑھے پسینہ کی کمائی کا بہت سا حصہ ان فضولیات پر خرچ کر دیتے ہیں۔

سینما بینی ایک خطرناک مرض ہے۔ جو انسانی زندگی کے لئے زہر ہلاہل کی حیثیت رکھتا ہے۔ جس کا تا حال کوئی علاج دریافت نہیں کیا جا سکا۔

حکومت کا فرض ہے۔ کہ قومی کردار میں بلندی پیدا کرنے کے لئے فلمی صنعت کو اپنے ہاتھ میں لے کر اخلاقی اور سبق آموز مکمل تیار کرے۔ کیونکہ قومی کردار کے بنانے اور نوجوانوں کی اصلاح کے لئے یہ ایک بہترین ہتھیار ہے۔

(بقیہ صفحہ ۸)

مٹی کا کھلونا بھی نظر آیا۔ جو آج کل کے ٹانگہ کے مشابہ تھا۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ لوگ ٹانگہ کے استعمال سے بھی خوب واقف تھے۔ پرانے مرے ہوئے آدمیوں کی ہڈیاں اور کچھ پنجر بھی نظر پڑے وہ آجکل کے نوجوانوں کے جسموں سے لمبے اور چوڑے تھے۔ ایک بہت بڑی پتھر کی انگوٹھی دیکھی جس سے میرے دل میں خیال پیدا ہوا کہ یہ کسی انسان کی انگوٹھی نہیں۔ بلکہ یہ صرف انگوٹھی بنانے والے کے فن کا مظاہرہ ہے۔ ایک اور قابلِ ذکر بات یہ ہے۔ کہ اس زمانہ

as to who should claim the spoil. It became the case of the two cats and the monkey. This they said was the village hospital and they, the village belles, who acted as nurses to the lucky sick.

The bodies of the two combatants were recovered the next day and we made merry, for they were the only results of the grand shoot.

A Book-Worm

Ijaz-ur-Rahman III yr.

At this time when the sun has withdrawn its ruddy light from my room and the shadows of the trees in the neighbouring garden are looming over the walls indicating the approach of night, I have sat down in my chair with a pen in my hand and a number of scattered leaves on the table trying to evolve some solution of an inexplicable problem.

There is no one in the room except myself. Some have gone to play Volley Ball and Badminton, others for an evening stroll. One whom I have known since last winter and who in the course of a year has endeared himself to me, might be puffing away his cigarette in wreaths of thin curly smoke in some cinema-house. All of my chums have got quite different tastes. They say I am a book-worm, so they never ask me to accompany them. It is good they have left me alone, so that I can ponder deeper and deeper over my problem with no one to disturb me. I always want a pin-drop silence in my room to suit my speculative reveries.

